◎ **کرسمس** (عیسائیت سے مسلمانوں تک)، تالیف: عبدالوارث ساجد۔ ناشر: صبح روشن پبلشرز، چیٹر جی روڈ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۷۶۷۵۷۲۲۷-۰۳۲۱۔ صفحات: ۱۱۲۔ قیمت: ۸۰ روپے۔ [کرسمس کی تقریبات میں اب مسلمان بھی شریک ہونے لگے ہیں۔ کرسمس کی حقیقت اور اسلام کی تعلیمات، نیز مسلمانوں میں کرسمس کے فروغ اور اس کی مخالفت کی وجوہات کے موضوع پر زیرنظر کتاب مرتب کی گئی ہے۔]

◎ **ترکی میں احادیث کی جدید موضوعی تدوین**، ثاقب اکبر۔ ناشر: البصیرہ، ۲۹۹، گلی ۷۶، جی نائن تھری، اسلام آباد، فون: ۲۸۵۱۴۰۹-۰۵۱۔ صفحات: ۶۰ روپے۔ قیمت: درج نہیں۔ [ترکی میں حدیث کی موضوعاتی تدوینِ نو کے ایک منصوبے پر کام ہو رہا ہے۔ یہ منصوبہ کیا ہے؟ اس کے بارے میں سامنے آنے والا ردعمل اور مصنف کے انقرہ میں مذکورہ ادارے میں مشاہدات کو یک جا کر دیا گیا ہے اور اہلِ علم کو غوروفکر کی دعوت دی ہے۔]

◎ **اَمثال القرآن**، تالیف: قاری محمد دلاور سلفی۔ ناشر: صبحِ روشن پبلشرز، چیٹر جی روڈ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۷۶۷۵۷۲۲۷-۰۳۲۱۔ صفحات: ۳۰۳۔ قیمت: ۲۵۰ روپے۔ [قرآنِ مجید کا اسلوب بیان منفرد ہے اور تمثیل کو بھی ذریعۂ اظہار بنایا گیا ہے۔ قرآنِ مجید میں تمثیلات جابجا بکھری ہوئی ہیں۔ مؤلف نے انھیں یک جا کر دیا ہے اور 'تفہیم' کے عنوان کے تحت معروف تفاسیرِ قرآن اور احادیث سے ان کی وضاحت بھی کر دی ہے۔ فہم قرآن اور درسِ قرآن کے لیے ایک مفید کاوش۔]

◎ **کاروانِ عزیمت**، تحریر و ترتیب: ڈاکٹر ممتاز عمر۔ ملنے کا پتا: راشد جمال پبلی کیشنز، ۵۷/۴-T، کورنگی نمبر۲، کراچی۔ صفحات: ۱۹۶۔ قیمت: دعاے خیر۔ [کاروانِ عزیمت ضلع بن قاسم کراچی کے ان شہدا کا تذکرہ ہے جنھوں نے راہِ حق میں جدوجہد کرتے ہوئے اپنی جان جانِ آفریں کے سپرد کر دی۔ مرزا لقمان بیگ شہید کی تحریک سے وابستگی، جدوجہد اور تڑپ کا مفصل تذکرہ، جب کہ محمد اسلم مجاہد شہید، طاہر جمال شہید اور ریاض انجم شہید کے مختصر حالاتِ زندگی و خدمات کا بیان۔ کارکنانِ تحریک کے لیے اِک ولولہ تازہ اور تحریکی روایات اور جدوجہد کا ایک ایمان افروز باب ـــــ ۵۰ روپے کے ڈاک ٹکٹ بھجوا کر کتاب بلامعاوضہ منگوائی جاسکتی ہے۔]

◎ **خزینۂ نبوت**، پروفیسر سید ارشد جمیل۔ ناشر: اسلامک ریسرچ اکیڈمی، کراچی۔ تقسیم کار: اکیڈمی بک سنٹر، ڈی ۳۵، بلاک ۵، فیڈرل بی ایریا، کراچی۔ فون ۳۶۳۴۹۸۴۰-۰۲۱۔ صفحات: ۱۱۰۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [۳۱۰ مختصر اور جامع احادیث کا عربی متن اور منظوم ترجمہ یا ترجمانی۔ اساتذہ اور مقررین و مدرسین انھیں ازبر کر کے اپنی گفتگو، تقریر اور خطاب کو مؤثر بنا سکتے ہیں۔]

اہم گزارش: اس رسالے میں اشتہار دینے والے اداروں یا افراد سے معاملات کی کوئی ذمہ داری ماہنامہ ترجمان القرآن کی انتظامیہ کی نہیں ہے۔ قارئین اپنی ذمہ داری پر معاملات کریں۔ (ادارہ)